پی سی بی نے فوکس اسپورٹس کے ساتھ شراکت داری کا معاہدہ کرلیا

- ایونٹ کی آن لائن ٹکٹ کرکٹ ڈاٹ بک می ڈاٹ پی کے اورایم اینڈپی اسٹورز سے خریدی جاسکتی ہیں
- ایونٹ کا درست نام "ایچ بی ایل پی ایس ایل" ہے۔ تمام میڈیاہاؤسز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نیوز بلیٹنز، ہیڈلائنز اور تحریروں میں ایونٹ کا درست اور مکمل نام استعمال کریں

کراچی، 25 جنوری 2022ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ پی سی بی اور فوکس اسپورٹس کے درمیان براڈکاسٹ کی شراکت داری کا معاہدہ طے پاگیا ہے۔ معاہدے کے تحت فوکس اسپورٹس اب اپریل 2023 تک پاکستان میں کھیلے جانے والے ہوم انٹرنیشنل میچز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کے میچز کو آسٹریلیا میں براہ راست نشر کرے گا۔

دونوں فریقین میں معاہدے کے بعد اب فاکس ٹیل گروپ کے 24 لاکھ صارفین کو پاکستان میں کھیلی جانے والے ہوم انٹرنیشنل سیریز اور ایچ بی ایل پی ایس ایل کے میچز براہ راست دیکھنے کی سہولت موجود ہوگی۔ اس معاہدے کا آغاز 27 جنوری سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شروع ہونے والی ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے میچز سے ہوگا۔

اس سے قبل پی سی بی نے مشرق وسطی اور شمالی افریقہ میں موجود پاکستان کرکٹ فینز کے لیے اتصالات، کیریبین سرزمین پر فلو اسپورٹس، نیوزی لینڈ میں اسکائی این زیڈ ، برطانیہ میں اسکائی اسپورٹس، پاکستان کے علاوہ پورے جنوبی ایشیاء میں سونی ، سب صحارا افریقہ میں سپر اسپورٹس اور شمالی امریکہ میں ولوٹی وی کے ساتھ بھی شراکت داری کے معاہدے کررکھے ہیں۔

دوسری جانب پی سی بی نے اوٹی ٹی صارفین کے لیے آئی سی سی ٹی وی اور ٹیمپا ڈٹی وی سے بھی معاہدہ کرلیا ہے۔ ان دونوں پلیٹ فارمز کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی لائیو اسٹریمنگ کی اجازت ہوگی۔

مندرجہ ذیل علاقوں میں رہائش پذیر کرکٹ فینز ان دونوں پلیٹ فارمز پر ایچ بی ایل پی ایس ایل کی لائیو اسٹریمنگ ملاحظہ فرما سکیں گے:
انڈورا، انٹارکٹیکا، ارجنٹائن، آرمینیا، آسٹریلیا، آسٹریا، آذربائیجان، بیلاروس، بیلجیم، بولیویا، بوسنیا اور ہرزیگووینا، بوویٹ جزیرہ، برازیل، برٹش انڈین اوشان، برونائی، بلغاریہ، کمبوڈیا، چلی، چین، جزیرہ کرسمس ، جزیرہ کوکوس، کولمبیا، کروشیا، قبرص، جمہوریہ چیک، ڈنمارک، مشرقی ٹائیمور، ایکواڈور، ایسٹونیا، فالک لینڈ، فاراوئے جزائر ، فن لینڈ، فرانس، فرانسیسی گیانا، جارجیا، جرمنی، جبرالٹر، یونان، گیانا، ہرڈ آئی لینڈ، ہانگ کانگ، ہنگری، آئس لینڈ، انڈونیشیا، اسرائیل، اٹلی، جاپان، قازقستان، کوسوو، کرغیزستان، لاؤس، لٹویا، لیچٹنسٹائن، لیتھوانیا، لکسمبرگ، مکاؤ، مقدونیہ، ملائیشیا، مالٹا، مائیکرونیشیا، مالڈووا، موناکو، منگولیا، مائیکرونین، نیدرلینڈ، مونٹاکونیو کیلیڈونیا، شمالی کوریا، ناروے، پیراگوئے، پیرو، فلپائن، پولینڈ، پرتگال، رومانیہ، روس، سان مارینو، سربیا، سنگاپور، سلوواکیہ، سلووینیا، جنوبی کوریا، اسپین، سورینام، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، تائیوان، تاجکستان، تھائی لینڈ، ترکی، ترکمانستان، یوکرین، یوراگوئے، یوزبیکستان، ویٹیکن سٹی، ویت نام اور وینزویلا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications